| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ء' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف 'ء' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت/بناوٹ سے 'ء' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ء' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی۔ بچوں سے حرف 'ا' سے لے کر 'ء' تک کا تلفظ آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ء' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ء' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا میں حرف 'ء' ہوں۔ میں 'ع' کی چھوٹی شکل جیسا ہوں۔ دیگر حروف سے ملنے سے میری شکل میں کوئی فرق نہیں پڑتا اس لیے میری کوئی آدھی شکل نہیں ہوتی۔ میں لفظ کی درست ادائیگی کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ 'ء' حروف تہجی کا سینتیسواں حرف ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ء' سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا یہ الفاظ کے اوپر اُن کی درست ادائیگی کے لیے آتا ہے۔ بچوں کو 'ء' کے ذخیرہ الفاظ مٹھائی، ٹائی، سوئی، آئس کریم، روٹی، کلائی، رائتہ اور رضائی فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔ تختہ سفید سیاہ پر ایک لکیر کھینچی جائے گی اور حرف ء لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف 'ء' لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 78 کھولنے کو کہا جائے گا اور بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف 'ء' پر انگلی پھیریئے اور 'ء' کی اشیاء کے نام بتائے جائیں گے۔ بچوں کو 'ء' کی ورک شیٹ دی جائے گی جس میں رنگین کاغذ کو کاٹ کر چسپاں کریں گے۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 78 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے حرف 'ء' کا نام اور اس کی اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ،<br>رنگین کاغذ، گلو | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ء' | دن: | دوسرا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ۔<br>حرف 'ء' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت/بناوٹ سے 'ء' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ء' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو حرف 'ء' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور مختلف اشیاء کے ناموں میں نشاندہی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'ء' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو سوئی دکھائی جائے گی اور اس کا نام بتایا جائے گا۔ بچوں کو بتایا جائے گا جب ہمارے کپڑے پھٹ جاتے ہیں یا بٹن ٹوٹ جاتا ہے سوئی سے ہم کپڑے سیتے یا بٹن لگا دیتے ہیں۔<br>بچوں کو انجیکشن کی سوئی دکھائی جائے گی اور پوچھا جائے گا کہ یہ کیا ہے۔ ان سے پوچھا جائے گا کہ جب ٹیکہ لگتا ہے اور سوئی اندر جاتی تو درد ہوتا ہے؟ سوئی کا لفظ تختہ سفید سیاہ پر لکھیں اور بچوں سے پوچھیں کہ اُن کو 'ء' کہاں نظر آرہا ہے۔ بچوں سے ہوا یا جلد میں حرف 'ء' کی شکل بنوایئے اور بار بار دہرائی کروایئے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو تصاویر کے ساتھ لکھے ہوئے الفاظ کے فلیش کارڈ دیجیے جس میں الفاظ واضح اور بڑے لکھے ہوں جیسے ٹائی، روئی، آئس کریم وغیرہ بچوں سے کہیے کہ ان تصاویر کو دیکھ کر نام بتایئے اور 'ء' جہاں نظر آرہا ہے وہاں دائرہ لگائیں۔<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں وہ 'ء' تلاش کریں گے اور اُس میں رنگ بھریں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ہوا میں 'ء' لکھنے کی مشق تین سے چار بار کروایئے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>سوئی<br>ءفلیش کارڈ<br>ورک شیٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ء' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ء' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف 'ء' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت / بناوٹ سے 'ء' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ء' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ء' کا درست تلفظ اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ء' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ٹائی کے بارے میں جانیں گے۔ بچوں کو ٹائی دکھائی جائے گی اور پوچھا جائے گا کہ یہ کیا ہے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کس کس کے ابو یا آفس ٹائی پہن کے جاتے ہیں۔ اگر بچوں کے یونیفارم میں ٹائی شامل ہے تو ان سے کہیں سب اپنی اپنی ٹائی کی طرف اشارہ کریں۔ تختہ سیاہ / سفید پر ٹائی لکھیں اور بچوں سے پوچھیں کے اُن کو 'ء' سے کہاں نظر آ رہا ہے۔ بتایئے بچوں سے کہیے کہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں کی مدد سے ہوا میں 'ء' بنائیں اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیں۔ | 10 منٹ | سوئی | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کے فلیش کارڈ دیں اور بچوں سے کہیے کہ ا سے لے کر ے تک حروف تہجی ترتیب میں لکھیں۔ بچوں سے حروف کی آوازیں اور اشیاء بھی پوچھی جائیں۔<br>بچوں کو ورک شیٹ میں لکھے الفاظ میں 'ء' کے گرد دائرہ لگانے کو کہا جائے گا اور حرف 'ء' پر پنسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | ءفلیش کارڈ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے رائتہ، آئس کریم ٹائی مٹھائی لکھ کر 'ء' کی نشاندہی کروائیں۔<br>**گھر کا کام:**<br>ورک شیٹ میں 'ء' کے گرد دائرہ لگائیں اور 'ء' میں پنسل پھیریں۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ء' | دن: | چوتھا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف 'ء' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت/بناوٹ سے 'ء' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ء' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ء' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا درست تلفظ اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ء' کے مزید الفاظ جانیں گے۔جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ 'ء' الفاظ کے اوپر آتا ہے۔فلیش کارڈ کے ذریعے روئی، کلائی، رائتہ اور رضائی کی تصاویر اور اشیاء دکھائی جائیں گی۔ان کے نام پوچھے جائیں گے اور ان الفاظ میں 'ء' کی نشاندہی کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>پانچ پانچ بچوں کے گروپوں کے لیے ہر میز پر کلر پینٹس، پانی اور چارٹ پیپر رکھ دیجیے۔اب بچوں سے کہیے کہ اپنی انگلیاں کسی بھی کلر پینٹ میں ڈبوئیں اور حرف 'ء' لکھیں ٹیچر حرف بورڈ پر لکھیں اور بچے اُن کی نقل کرتے ہوئے چارٹ پیپر پر لکھیں گے۔بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 79 کھولنے کو کہا جائے گا اور دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف 'ء' کو اُن کے الفاظ سے ملائیے۔جن میں 'ء' کا استعمال ہوا ہے۔نیچے دی گئی حرف 'ء' پر پنسل پھیریئے اور لکھیے۔<br>**اختتامیہ:**<br>تختہ سفید/سیاہ پر 'ء' لکھنے کی مشق کروائیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>چارٹ، پیپر، پانی، پینٹ<br>کتاب صفحہ نمبر 79 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ء' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ء' | دن: | پانچواں |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ۔<br>حرف 'ء' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت / بناوٹ سے 'ء' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ء' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ء' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا آج ہم مٹھائی اور آئس کریم کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں سے باری باری پوچھیں کے کس کو مٹھائی پسند ہے اور کس کو آئس کریم پسند ہے؟ بچوں سے پوچھیں کہ کون سی مٹھائی پسند ہے اور کون سی آئس کریم؟ بچوں کو بتائیں کہ یہ دونوں چیزیں میٹھی ہوتی ہیں۔ اس لیے بہت زیادہ نہیں کھانی چاہیں۔ تختہ سفید/سیاہ پر مٹھائی اور آئس کریم لکھ کر 'ء' کی نشاندہی کروائیں۔ بچوں کو Sand Tray دے کر حرف 'ء' کی درست بناوٹ کی مشق کروائیں۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ء' لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ء' کے ذخیرہ الفاظ کے فلیش کارڈ پر 'ء' کی نشاندہی کرنے کو کہا جائے گا۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ء' لکھیں۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>Sand Tray<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ء' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |